بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مکان کے دروازے پر مقدس کلمات لکھنا یا ان کے اسٹیکر لگانا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

مکان کے باہری دروازے پر ماشاء اللہ یا بسم اللہ لکھنا یا اسٹیکر لگانا کیسا؟

## جواب

دروازے اور دیواروں پر مقدس کلمات مثلاً بسم اللہ یا الحمد للہ لکھنے سے بچنا چاہیے۔

اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن لکھتے ہیں: "دیواروں پر کتابت سے علمائے کرام نے منع فرمایا ہے کمافی الھندیۃ وغیرھا، (جیسا کہ فتاوی عالمگیری وغیرہ میں ہے۔ ت)۔ اس سے احتراز ہی اسلم ہے، اگرچھوٹ کر نہ بھی گریں تو بارش میں پانی ان پر گزر کر زمین پر آئے گا اور پامال ہوگا۔ غرض مفسدہ کا احتمال ہے اور مصلحت کچھ بھی نہیں لہٰذا اجتناب ہی چاہئے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 384، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2540

تاریخ اجراء: 09 ربیع الآخر 1446ھ / 13 اکتوبر 2024ء